شمارہ نمبر
10

# خبر نامہ انجمن خدام القرآن سندھ کراچی

نومبر 2019ء بمطابق ربیع الاول 1441ھ

## فرمانِ الٰہی

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا

(سورۃ الاحزاب36)

اور کسی مومن مرد اور مومن عورت کو حق نہیں ہے کہ جب اللہ اور اس کا رسول کوئی فیصلہ کر دیں تو وہ اس میں اپنا بھی کچھ اختیار سمجھیں اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے وہ تو صریح گمراہ ہو گیا۔

## فرمانِ نبوی ﷺ

عن أَبِی محمد عَبدِاللّٰہِ بِن عَمرِو ابْنِ العاص رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رسُولُ اللہ ﷺ لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يَكُونَ هَوَاهُ تَبَعًا لِمَا جِئْتُ بِهِ (رواہ شرح السُنّۃ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کوئی بھی اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کی دلی خواہشات اس (شریعت و دین) کے تابع نہ ہو جائیں جو میں لایا ہوں۔

## اداریہ

قارئین محترم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امیدِ وافر بذاتِ غافر ہے کہ خبر نامہ انجمن ماہِ نومبر کا یہ شمارہ آپ کو ایمان اور عافیت کی بہترین کیفیت کے ساتھ موصول ہوگا۔ آمین

قارئین محترم الحمد للہ ماہِ ربیع الاول کا آغاز ہو چکا ہے اور اس ماہ میں مسلمان نبی اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت کے حوالے سے مختلف تقاریب کا انعقاد کر کے نبی محترم ﷺ سے اپنی محبت اور عقیدت کا اظہار کرتے ہیں بلاشک و ریب نبی مکرم ﷺ کی شدید ترین محبت اور آپ ﷺ کی کامل ترین اطاعت شرطِ ایمان ہیں اور ایک سچا امتی ہونے کے لیے ہمارے فرائض میں شامل ہے کہ ہم نبی مکرم ﷺ کی پاک سیرت کا مطالعہ اس انداز میں کریں کہ ہم یہ معلوم کریں نبی اکرم ﷺ کس مقصد کے لیے دنیا میں تشریف لائے اس مقصد کے حصول کے لیے نبی اکرم ﷺ کا بنیادی طریقہ کار کیا تھا اور اس مقصد کے حصول میں نبی اکرم ﷺ کس حد تک کامیاب ہوئے اور اس کے بعد اللہ کی توفیق و تائید سے ہم نبی اکرم ﷺ کے مقصد بعثت کو اپنی زندگی کا مقصد بنائیں۔

اللہ تعالیٰ ہم کو اس کے لیے قبول فرمائے اور استقامت عطا فرمائے (آمین)

والسلام
شجاع الدین شیخ
مدیر تعلیم، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

# انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے تحت جاری تدریسی سرگرمیاں

## قرآن اکیڈمی ڈیفنس

قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں رجوع الی القرآن کورس کا چھبیسواں بیچ الحمدللہ جاری ہے جس میں 60 حضرات اور 35 خواتین شریک ہیں۔ رجوع الی القرآن کورس مکمل کر چکنے والے یا مساوی تعلیم کے حامل طلبہ و طالبات کے لیے حلقہ منتخبات دینیہ کا آغاز کیا گیا ہے جس میں علوم القرآن میں "التبیان فی علوم القرآن"، علم الحدیث میں "زاد الطالبین"، اصول الحدیث میں "تیسیر مصطلح الحدیث"، عربی زبان میں "دروس اللغۃ العربیہ" اور صرف و نحو کی مشق میں "ترجمہ قرآن حکیم" کی تدریس جاری ہے یہ کورس صرف ہفتہ کے دن 08:45 سے 01:00 بجے تک ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ناظرہ کلاس مع تجوید بعد نماز فجر روزانہ، عربی گرامر کلاس بنام "قرآن اب آسان" ہفتہ میں تین دن بروز پیر، بدھ اور جمعرات بعد نماز مغرب، حدیث کلاس بنام "مطالعہ و تفہیم ریاض الصالحین" ہفتہ میں دو دن بروز بدھ اور جمعہ بعد نماز مغرب تا عشاء منعقد ہوتا ہے۔ عربی گرامر کورس بنام "قرآن اب آسان کورس" (برائے خواتین) ہفتہ میں دو دن بروز پیر اور جمعرات اوقات 3:30 تا 4:30، تجوید کلاس بنام: "ناظرۃ القرآن کورس" (برائے خواتین) ہفتہ میں دو دن منگل اور جمعرات اوقات صبح 10:00 سے 12:00، ترجمہ قرآن کی کلاس بنام "ترجمہ قرآن کورس" (برائے خواتین) ہفتہ میں چار دن پیر، منگل، جمعرات اور جمعہ اوقات 03:30 تا 04:30۔ اکیڈمی اسٹاف کی دینی واخلاقی تربیت کیلیے درس قرآن، درس حدیث، سیرت النبی ﷺ، نماز کے مسائل، آداب زندگی اور قصص الانبیاء شامل ہیں۔ مسجد میں نماز پنجگانہ کے علاوہ نماز جمعہ و عیدین، نکاح اور نماز جنازہ کا بھی اہتمام ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ فجر کے بعد مطالعہ سیرۃ النبی ﷺ، ظہر کی نماز کے بعد بیان القرآن کا مطالعہ، عصر کے بعد تذکیر بالحدیث اور ہر اتوار کو ظہر کے بعد دورہ ترجمہ قرآن کا اہتمام ہے۔ الحمدللہ شعبہ حفظ، ناظرہ اور قاعدہ میں کثیر تعداد میں طلباء وطالبات قرآن پڑھ رہے ہیں۔

## قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں الحمدللہ رجوع الی القرآن کورس میں تدریس کا سلسلہ جاری ہے اس ماہ کے آغاز پر طلبہ کی تعداد 47 ہے اسی طرح طالبات کی تعداد 71 ہے۔ جبکہ نوجواں مسلم قرآن فہمی کورس میں بھی تدریس کا سلسلہ الحمدللہ جاری ہے اس کورس میں شریک طلبہ کی تعداد 20 ہے۔ مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ و مدرسۃ البنین و البنات میں بھی تدریس الحمدللہ جاری ہے۔ شعبہ حفظ میں کل طلبہ کی تعداد 90 جبکہ درجہ قاعدہ وناظرہ بنین وبنات میں طلبہ وطالبات کی کل تعداد 160 ہے۔ الحمدللہ ماہ رواں سے ہفتہ وار سہ پہر حفاظ طلبہ کے لیے خلاصہ مضامین قرآن کی تدریس کا آغاز کر دیا گیا ہے جس کی تدریس جناب قاری فضل علیم صاحب فرما رہے ہیں۔ الحمدللہ مغرب تا عشاء رہائشی خادمین اور اہل محلہ کے لیے حلقہ برائے ناظرہ قرآن حکیم جاری ہے۔ حلقات و دورات دینیہ Short Courses میں "عربی گرامر کورس برائے قرآن فہمی"، "قرآن حکیم کی صرفی و نحوی تحلیل"، "بنیادی عربی گرامر مع لفظی ترجمہ (برائے خواتین)"، "تجوید القرآن برائے خواتین (صبح، سہ پہر)"، "علم و عمل کورس برائے طلبہ و طالبات" اور شام کے اوقات میں "قرآن فہمی کورس" میں تدریس کا سلسلہ جاری ہے۔ عربی زبان کے بنیادی قواعد وضوابط اور ان کے اجراء کے لیے ہفتہ وار "دروس اللغۃ العربیہ جز دوم" کی تدریس جاری ہے جس کے اوقات ہر ہفتہ کے دن صبح 9 بجے سے دن 11 بجے تک ہیں۔ ادارہ کے خادمین کی دینی و اخلاقی تعلیم کے لیے روزانہ کی بنیاد پر مختصر کلاس ہوتی ہے۔ طلبہ کی عملی مشق کے لیے روزانہ کی بنیاد پر مختصر درس قرآن و حدیث کا اہتمام ہے۔ الحمدللہ مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں ہر جمعہ بعد نماز عشاء درس قرآن، جبکہ ہر اتوار کو بعد نماز ظہر درس حدیث اور روزانہ کی بنیاد پر بعد نماز عصر مختصر درس حدیث کا بیان ہوتا ہے۔ الحمدللہ خبرنامہ انجمن خدام القرآن کے اب تک 9 شمارے شائع ہو چکے ہیں جنہیں بذریعہ ای میل، واٹس ایپ اور سوشل میڈیا کے ارکان انجمن واحباب تک پہنچایا گیا۔

## قرآن اکیڈمی کورنگی

قرآن اکیڈمی کورنگی میں رجوع الی القرآن کورس کے چوتھے بیچ میں تدریس کا سلسلہ الحمدللہ جاری ہے۔ قرآن اکیڈمی کورنگی میں تنظیم اسلامی کورنگی شرقی کے تحت شام کے اوقات میں عربی گرامر اور تجوید القرآن کی کلاسز جاری ہیں تنظیم اسلامی کورنگی شرقی کے تحت شام کے اقات میں رسول انقلاب کا طریقہ ٔ انقلاب کے عنوان سے چھ کلاسز پر مشتمل لیکچر سیریز کا آغاز کیا گیا ہے جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب عبید احمد صاحب ادا فرما رہے ہیں۔ دی ہوپ اسلامک اسکول میں حفظ کلاس کے First Term کے امتحانات کا سلسلہ جاری ہے۔ مدرستہ القرآن للحفظ و القراءۃ و مدرستہ البنین و البنات میں بھی تدریس الحمدللہ جاری ہے۔ شعبہ حفظ میں 23 جبکہ ناظرہ و قاعدہ میں 102 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ اسی طرح بنات میں 132 طالبات زیر تعلیم ہیں۔ مدرسہ میں طلبہ کی تربیت کے لیے ہر ہفتہ تربیتی کلاس کا بھی انعقاد کیا جاتا ہے۔ ٹرسٹ جمعیت تعلیم قرآن کی جانب سے مدرسہ ہٰذا میں سہ ماہی امتحان منعقد کیا گیا جس میں مجموعی اعتبار سے کلاسز بہتر قرار پائیں۔

قرآن اکیڈمی کورنگی سے متصل جامع مسجد طیبہ میں ہر جمعرات بعد نماز عشاء ہفتہ وار درسِ قرآن ہوتا ہے جس میں مدرّس کے فرائض مدیر قرآن اکیڈمی کورنگی جناب انجینئر نعمان اختر صاحب انجام دیتے ہیں۔ ادارہ کے تحت مجالسِ نکاح کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے۔ جس میں اصلاحِ معاشرہ کے حوالے سے مختصر بیان بھی کیا جاتا ہے۔ قرآن اکیڈمی کورنگی میں حلقہ ٔ خواتین کے تحت ہر ماہ کے دوسرے جمعہ کو 4 بجے ماہانہ درسِ قرآن منعقد کیا جاتا ہے۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر میں طلبہ و طالبات کے لئے رجوع الی القرآن کی تدریس کا سلسلہ جاری ہے۔ اس کورس سے فارغ التحصیل طلبہ کی علمی پختگی کے لئے ہفتہ کے روز منتخبات علوم دینیہ کورس برائے حضرات کا آغاز اگست 2019 میں کیا گیا جو بخوبی جاری ہے۔ اس کے علاوہ ان حضرات و خواتین کے لئے جو معاشی و تعلیمی سرگرمیوں کی وجہ سے عام دنوں میں وقت دینے سے قاصر ہیں ہفتہ وار کورس "دروس اللغۃ العربیہ برائے حضرات و خواتین" بروز ہفتہ منعقد ہوتا ہے اس کورس کا آغاز 14 ستمبر سے کیا گیا۔ اسی طرح بچوں اور بچیوں کے لئے بھی ہفتہ وار تربیتی کورس الحمدللہ جاری ہے۔ مسجد جامع القرآن گلستان جوہر میں خطاب جمعہ کی سعادت مدیر ادارہ جناب ڈاکٹر انوار علی صاحب حاصل کر رہے ہیں۔ گزشتہ دنوں تنظیم اسلامی کے تحت جاری مہم "دعوت فکر اسلامی" کے ضمن میں تسلسل کے ساتھ 5 خطبات میں دینی فرائض کے جامع تصور کو موضوع بنایا گیا۔ مسجد ہی میں حلقہ بالغاں برائے تجوید بعد نمازِ فجر منعقد ہوتا ہے جبکہ درس حدیث کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ امام صاحب روزانہ بعد نمازِ فجر ترتیب سے 3 رکوع کا ترجمہ بیان کرتے ہیں جن کو نماز میں تلاوت بھی کیا جاتا ہے۔ مدرستہ القرآن میں قاعدہ و ناظرہ کی تدریس دوپہر 3 بجے سے ہوتی ہے۔ بچوں کو نماز، دعائیں اور دیگر آداب زندگی سکھانے کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے۔ شام کے اوقات میں مقامی نظم کے تحت دینیات کورس جاری ہے جس میں بنیادی عربی گرامر، تجوید اور دورہ ترجمہ قرآن شامل ہیں۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد میں الحمدللہ صبح کے اوقات میں ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس کی تدریس باقاعدگی سے جاری ہے جس میں 12 حضرات اور 21 خواتین باقاعدگی سے شریک ہو رہے ہیں۔ نوجوانوں کے لیے نوجواں مسلم قرآن فہمی کورس کی تدریس بھی الحمدللہ جاری ہے۔ ظہر تا عصر بچوں کے لیے ناظرہ قرآن کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری ہے جس میں بچوں کی اخلاقی تربیت کا بھی اہتمام ہے۔ مغرب تا عشاء تعلیم بالغان کا سلسلہ جاری ہے جس میں بڑی عمر کے حضرات کے لیے ناظرہ قرآن کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ ہر اتوار دوپہر 11 تا 1 بجے بچوں اور بچیوں کے لیے علم فاؤنڈیشن کے نصاب کی تدریس کا سلسلہ جاری ہے جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب فاروق پاشا صاحب ادا کر رہے ہیں۔ ہر اتوار بعد نمازِ عشاء درسِ قرآن کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں مدرس کی ذمہ داری جناب فاروق ناغڑ صاحب ادا کر رہے ہیں۔ تنظیم اسلامی لطیف آباد کے نظم کے

تحت خواتین کے لیے دوپہر کے اوقات میں تین ماہ پر مشتمل دینیات کورس جاری ہے، شرکاءخواتین کی تعداد 15 ہے۔ الحمدللہ 5 اکتوبر سے حضرات وخواتین کے لیے ہفتہ اور اتوار کے روز ایک شارٹ کورس کا آغاز ہو چکا ہے، جس میں حضرات وخواتین کی بڑی تعداد شرکت کر رہی ہے۔ جمعہ کے دن مغرب تا عشاء دعوتِ فکرِ اسلامی مہم کے تحت ڈاکٹر اسرار احمدؒ کی ابوظہبی ویڈیو سیریز کی ویڈیوز دکھانے کا سلسلہ جاری ہے،، الحمدللہ اچھی تعداد میں حضرات وخواتین شرکت کر رہے ہیں۔ 11 اکتوبر 2019 بروز جمعہ تنظیمِ اسلامی لطیف آباد کے زیرِ انتظام دعوتِ فکرِ اسلامی مہم کے تحت ایک پروگرام کا اہتمام کیا گیا،اس پروگرام میں مہمانِ خصوصی جناب شجاع الدین شیخ صاحب تھے، آپ نے فرائضِ دینی کے جامع تصور کے موضوع پر خطاب فرمایا، الحمدللہ بہت بڑی تعداد میں حضرات وخواتین نے شرکت کی۔ بروز جمعۃ المبارک مورخہ 11 اکتوبر 2019، ادارۂ ہٰذا میں بعد نمازِ جمعہ نکاحِ مسنونہ کا اہتمام کیا گیا، لطیف آباد یونٹ نمبر 8 میں واقع مبارک مسجد کے خطیب جناب قاری ارشد صاحب نے نکاح پڑھایا اور وعظ ونصیحت بھی فرمائی۔

## قرآن مرکز لانڈھی

قرآن مرکز لانڈھی میں مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ شعبہ حفظ میں 43 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ شعبہ ناظرہ للبنین والبنات میں 124 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ 15 روزہ درسِ قرآن بروز جمعہ بعد نماز مغرب منعقد ہوتا ہے۔ ناظمِ قرآن مرکز جناب محمد ہاشم صاحب بیان کی ذمہ داری ادا کرتے ہیں۔ الحمدللہ قرآن مرکز میں 2 ستمبر سے حضرات وخواتین کے لیے دینیات کورس کا آغاز ہو چکا ہے۔ کورس کے مضامین: تجوید، عربی گرامر، فکرِ اسلامی ہیں۔ کلاسز ہفتہ میں تین دن پیر، منگل، بدھ بعد نمازِ مغرب منعقد کی جارہی ہیں۔ شرکاء میں 10 حضرات اور 30 خواتین شامل ہیں۔

## گزشتہ ماہ ہونے والے محاضرات ودروس

**قرآن اکیڈمی ڈیفنس** میں گزشتہ ماہ درس قرآن و حدیث مورخہ 4 اکتوبر 2019 بروز جمعۃ المبارک بعنوان "دعوت دین، فرضیت، اہمیت اور فضیلت" بعد نمازِ عشاء مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں منعقد ہوا جس میں مدرس کے فرائض جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا کیے۔

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد** میں گزشتہ ماہ درس قرآن و حدیث مورخہ 5 اکتوبر 2019 بروز ہفتہ بعنوان "دعوت دین، فرضیت، اہمیت اور فضیلت" بعد نمازِ عشاء مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں منعقد ہوا جس میں مدرس کے فرائض مرکزی نائب ناظم تعلیم وتربیت تنظیم اسلامی پاکستان و مدیر تعلیم انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا کیے۔

خصوصی محاضرہ بعنوان "سفر آخرت کے مراحل" بروز جمعہ 25 اکتوبر 2019 کو منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر تعلیم انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا کی۔

خصوصی محاضرہ بعنوان "علم وراثت ابتدائی تعارف" اساتذہ ومدرسین کے لیے خصوصی لیکچر کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں تدریس کی ذمہ داری شیخ الحدیث مولانا حضرت لعل مرجان صاحب نے ادا فرمائی موصوف نے دینی تعلیم دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک اور دارالعلوم فاروقیہ کراچی سے حاصل کی۔ جب کہ جامعہ احمدیہ میں 10 سال اور جامع احسن العلوم میں 30 سال سے درس حدیث دے رہے ہیں۔ حضرت علم وراثت میں تخصص رکھتے ہیں۔ مولانا نے سورۃ النساء کی آیات 11 تا 14 کی روشنی میں قانونِ وراثت کو انتہائی خوبصورتی کے ساتھ سمجھایا۔ اس لیکچر میں تقریباً 15 اساتذہ ومدرسین نے شرکت کی۔

**قرآن اکیڈمی کورنگی** میں گزشتہ ماہ فکر اسلامی کے ضمن میں "تنظیم اسلامی کا تاریخی پس منظر" کے عنوان کے تحت لیکچر منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر قرآن اکیڈمی ڈیفنس جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے ادا فرمائی۔ اسی طرح "سفر آخرت کے مراحل" کے عنوان سے خصوصی محاضرہ کا انعقاد کیا گیا

جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر تعلیم انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا فرمائی۔

**قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد** میں گزشتہ ماہ 17 اکتوبر 2019 بروز جمعرات فکر اسلامی کے تحت "دینی فرائض کا جامع تصور" کے موضوع پر لیکچر کا اہتمام کیا گیا، ادارۂ ہٰذا کے استاذ جناب سعد عبد اللہ صاحب نے تدریس کی ذمہ داری ادا کی جبکہ بروز بدھ مورخہ 30 اکتوبر 2019، "اسلام کی نشاۃ ثانیہ کرنے کا اصل کام" کے موضوع پر لیکچر کا اہتمام کیا گیا، تدریس کی ذمہ داری مدیر قرآن اکیڈمی ڈیفنس جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے ادا کی۔

خصوصی محاضرہ بعنوان "مقامِ صحابہ کرامؓ وفضیلتِ اہلِ بیت" بروز پیر مورخہ 28 اکتوبر 2019، کو منعقد ہوا، ادارۂ ہٰذا کے استاذ جناب فاروق پاشا صاحب نے تدریس کی ذمہ داری ادا کی، طلبہ و طالبات کے علاوہ دیگر رفقاء و احباب بھی لیکچر میں شریک ہوئے۔

## رجوع الی القرآن کورس و نوجواں مسلم قرآن فہمی کورس کے طلبہ، اساتذہ واسٹاف کے لیے پکنک

- الحمدللہ 25 اکتوبر 2019 بروز جمعہ تا 26 اکتوبر 2019 بروز ہفتہ قرآن اکیڈمی یٰسین آباد اور قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر کی مشترکہ پکنک کا اہتمام کیا گیا جس میں طلبہ، اساتذہ واسٹاف کو دنبہ گوٹھ میں واقع فارم ہاؤس لے جایا گیا، اس میں تقریباً 70 افراد کی شرکت رہی۔ اس پکنک کے دوران الحمدللہ شرعی احکام کی مکمل پابندی کی گئی۔ طلبہ سے مختلف اوقات کی اذانیں دلوائی گئیں نیز طلبہ سے درس قرآن اور درس حدیث بھی دلوایا گیا۔

# شعبہ سمع و بصر

### قرآن فورم:

شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت قرآن فورم کے عنوان سے جاری ٹاک شو میں دورِ جدید میں پیش آنے والے مختلف معاشرتی مسائل اور ان کے ازالہ کے لیے قرآن و سنت کی رہنمائی پر گفتگو کی جاتی ہے۔ اس پروگرام میں قرآن اکیڈمی ڈیفنس کے استاذ جناب محمد نعمان صاحب میزبانی کے فرائض سر انجام دیتے ہیں جبکہ جناب شجاع الدین شیخ صاحب بطور مہمان شریک ہوتے ہیں۔ یہ پروگرام میٹرو ون نیوز چینل پر ہر جمعہ دو پہر 1 بجے نشر ہوتا ہے اور ہر ہفتہ صبح 6 بجے دوبارہ نشر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ اور سوشل میڈیا پر بھی ہر ہفتہ باقاعدگی سے اپ لوڈ کیا جاتا ہے۔ رواں ماہ (اکتوبر 2019ء) درج ذیل موضوعات پر پروگرام ریکارڈ کیے گئے:

اقوامِ متحدہ میں وزیر اعظم عمران خان کی تقریر، اسلامی معاشرے میں پردہ کی اہمیت، صبر کی اہمیت، شکر کی اہمیت

### دینِ اسلام کے تقاضے اور لائحہِ عمل

مورخہ 26 اکتوبر بروز ہفتہ بعد نمازِ عشاء تنظیم اسلامی کے تحت گلشن اقبال میں منعقد ہونے والے جلسہ کی ویڈیو ریکارڈنگ کا اہتمام کیا گیا۔ اس کے علاوہ شعبہ کی جانب سے درج ذیل معاونت فراہم کی گئی:

اسٹیج کی لائٹنگ اور SMD اسکرین کا انتظام، ساؤنڈ سسٹم مع جنریٹر کا انتظام، **Animations**، ویڈیو کلپس اور پریزنٹیشن کی تیاری

### اسلام چینل اردو (UK)

اسلام چینل اردو (UK) پر شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت تیار کیے گئے حسبِ ذیل پروگرام ہر ہفتہ نشر ہوتے رہے:

- حقیقت (مدرّس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 30 منٹ
- تعلیمات قرآن (مدرس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 45 منٹ
- پیغام سیرت (مدرس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 45 منٹ

بانی: ڈاکٹر اسرار احمد علیہ رحمۃ اللہ